## ﴾قوانین برائے بلڈنگ رینٹل ایگریمنٹ اور انسٹالیشن سائیٹس برائے پرائیوٹ پراپرٹی﴿

1) یہ کہ اگر کسی بھی بلڈنگ پر کسی بھی ایڈورٹائزر کا سائن بورڈ پہلے سے نصب ہے اور اسی بلڈنگ پر کہیں بھی اوپر، نیچے، دائیں، بائیں، پارکنگ میں یا چھت پر نیز کہیں بھی کسی دوسرے سائن بورڈ کو لگانے کے لیے گنجائش ہو تو بھی کوئی دوسرا ایڈورٹائزر اُس بلڈنگ کے مالک سے ایگریمنٹ نہیں کریگا اور بلڈنگ کے مالک کو مشورہ دے کر خراب کرنے کی کوشش بھی نہیں کریگا نہ ہی اپنے نمائندے بھیج کر اُسے زیادہ کرایہ کی آفر کریگا بصورت ایگریمنٹ سامنے آنے پر اُس ایڈورٹائزر کی ممبرشپ فوری طور پر منسوخ کر دی جائے گی۔ اور جرمانہ بھی عائد کیا جائے گا۔

2) یہ کہ جس بلڈنگ پر پہلے سے کسی ایڈورٹائزر کا سائن بورڈ نصب ہو اُسکے ساتھ والی بلڈنگز آگے، پیچھے، دائیں، بائیں کوئی دوسرا ایڈورٹائزر بورڈ نصب کرنے کی یا نیا ایگریمنٹ کرنے کی کوشش نہیں کریگا جسکی وجہ سے پہلے سے نصب شدہ بورڈ کا 5 فٹ حصہ بھی بلاک ہو یا چھپے اگر ایسا کریگا تو پوری ایسوسی ایشن اُس سائن بورڈ کا بائیکاٹ کریگی اور ایڈورٹائزر کو بلیک لسٹ بھی کیا جائے گا۔ کمیٹی بنائی جائے گی جو یہ فیصلہ کریگی۔

3) یہ کہ جب بھی کسی ایڈورٹائزر کا بلڈنگ ایگریمنٹ / معاہدہ توسیع ہونا ہو تو اُس بلڈنگ پر کوئی دوسرا ایڈورٹائزر جا کر آفر نہیں دیگا بشرطیہ پہلے کسی بھی وجہ سے ایڈورٹائزر خود سائن بورڈ اپنی مرضی سے چھوڑے اس صورت میں آفر دی جا سکتی ہے۔

4) یہ کہ اگر ایک ساتھ دو بلڈنگز پر دو مختلف ایڈورٹائزر کے ایگریمنٹ ہوں اور دونوں نے NOC کے لیے اپلائی کیا ہوا ہو تو جس کے سائن بورڈ کا NOC پہلے ہوگا وہ سائن بورڈ لگائے گا اور دوسرا اپنی اپلائی درخواست واپس لے گا مگر بغیر NOC کے سائن بورڈ پہلے لگانے کی صورت میں یہ قانون لاگو نہیں ہوگا اور ایسوسی ایشن پہلے ایگریمنٹ والے سائن بورڈ والے ممبر کو ترجیح دے گی۔ مگر ایگریمنٹ درست ہونا لازم ہے۔

5) یہ کہ کوئی بھی ایڈورٹائزر بلڈنگ کے فرنٹ کے علاوہ چھت پر ہرگز سائن بورڈ نہیں لگائے گا او متعلقہ محکمہ کے بائے لاز / رقوانین کے مطابق لگائے گا۔

6) یہ کہ اگر کوئی بھی بلڈنگ مالک پہلے سے کاروبار کرنے والے ایڈورٹائزر کو بلیک میل کر کے زبردستی کسی دوسرے بندے کے ساتھ ایگریمنٹ کریگا تو تمام ممبرز اُسکی بلڈنگ کا مکمل بائیکاٹ کرینگے بشرط پہلے سے نصب شدہ بورڈ کے واجبات کی وجہ سے ایگریمنٹ کینسل نہ کیا گیا ہو۔ اس صورت میں بلڈنگ مالک کو حق حاصل ہوگا کہ وہ پہلے تو اپنی رقم حاصل کرنے کے لیے قانونی کاروائی کرے اور دوسرا کسی بھی اور ایڈورٹائزر سے نیا ایگریمنٹ بھی کر سکتا ہے۔

(7 یہ کہ کوئی بھی ایسوسی ایشن ممبر کسی بھی بلڈنگ پر اپنا کوئی بھی نمائندہ چاہے وہ ممبر ہو یا نہ ہو اُسکو بھیج کر رینٹ ریٹ خراب نہیں کرے گا اور رینٹ ریٹ خراب کرنے والے شخص سے ہمارے کسی بھی ممبر کا تعلق سامنے آیا تو اُسکی رکنیت معطل کردی جائے گی۔ اور بھاری جرمانہ بھی عائد کیا جائیگا۔

7(a) یہ کہ اگر کوئی بھی بلڈنگ مالک ہمارے کسی بھی ممبر سے بداخلاقی سے پیش آتا ہے تو پوری ایسوسی ایشن اُس بلڈنگ مالک کا مکمل بائیکاٹ کریگی اور قانونی چارہ جوئی میں بھی اپنے ممبر کا ساتھ دے گی۔

## ﴿ کلائنٹ سے رقم کی وصولی / ریکوری کے قوانین ﴾

(8 یہ کہ تمام ایڈورٹائزر جو کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے رجسٹرڈ ممبرز ہیں وہ آپس میں کاروبار کرتے ہوئے باہمی رضامندی سے آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کا جاری کردہ پرچیز آرڈر استعمال کریگے اور رقم کی ادائیگی کا طریقہ کار اس میں سائن بورڈ کی بکنگ کرتے وقت درج کریگے بعد ازاں ایک دوسرے کو رقم نہ دینے کی صورت میں اگر معاملہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن میں لانا چاہے تو درخواست بمعہ تمام کاغذی دستاویزات ثبوت وغیرہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری کے نام بنا کر ایسوسی ایشن کے Co-ordinator کو بذریعہ whatsapp/Email بھجوائے۔ تمام شکایات موصول ہونے کے بعد آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن دونوں فریقین کے مابین تنازعہ کو حل کروائے گی اور کسی بھی طرح کی شکایت ہرگز آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے واٹس ایپ گروپ میں شیئر نہیں کی جائیگی۔ جس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ کسی کی عزت مجروح نہ ہو۔ مگر آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ضروری سمجھے تو گروپ پر شیئر کر سکتی ہے۔ اور پرچیز آرڈر پر ہر طرح کی تفصیلات موجود ہونا ضروری ہے جس کے مطابق حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔

(9 یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے تمام ممبران جو OMA کے ساتھ یا ایک دوسرے کے ساتھ کام کریگے وہ 90 دن کی اندر اندر رقم ادا کرنے کے پابند ہونگے۔

(10 یہ کہ کوئی بھی ایڈورٹائزر کسی بھی کلائنٹ یا کمپنی کی کمپین کرتا ہے تو اس کے بعد وہ کلائنٹ یا کمپنی ایڈورٹائزر کی مکمل یا جزوی رقم ادا کرنے کی بجائے کسی نیو ایڈورٹائزر کو کمپین دیتا ہے تو پوری آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن اس کمپین کا بائیکاٹ کرے گی بلکہ اگر اس کے اشتہارات لگ چکے ہوں اسے فوری اتروائے گی فلیکس نہ اتروانے والے یا ایل ای ڈی کمپین کو بند نہ کرنے والے ایڈورٹائزر کے خلاف بھی آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن حرکت میں آئے گی جب تک کلائنٹ یا کمپین سابقہ ایڈورٹائزر کی مکمل رقم ادا نہیں کر دیتا اس کا ایک بھی ڈسپلے لاہور میں نہیں چلے گا اور اگر ایڈورٹائزر کی طرف سے کوئی بات آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن سے چھپائی گئی یا جس رقم کا تقاضا کیا جا رہا ہے وہ نہ بنتی ہو تو مندرجہ بالا اقدامات نہ ہوں گے بلکہ ایڈورٹائزر کو پینلٹی ادا کرنا ہوگی۔

(11 یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کا ہر ممبر دوسرے ممبر کو اپنا میڈیا بلاتفریق دینے کا پابند ہے اور ہرگز منع نہیں کرے گا اور نہ ہی غلط دستیابی بتائے گا اور نہ ہی غیر مناسب قیمت مانگے گا اور اگر کوئی بھی اس بات کی خلاف ورزی کرتا ہے تو سب لوگ اس کے میڈیا کا بائیکاٹ کریں گے اور جو بھی ڈائریکٹ کلائنٹ اس کے میڈیا پر چلے گا اس کلائنٹ کا بھی باقی سب لوگ بائیکاٹ کریں گے اور اپنے بورڈز سے اس کا ڈسپلے فوراً اتارے گے مگر اگر کوئی بھی وعدہ کر کے رقم کی ادائیگی کی شرط پورا نہ کر سکا تو اس صورت میں ممبر دوسرے ممبر کو میڈیا دینے سے انکار کر سکتا ہے مگر اس چیز کا تحریری ثبوت ہونا ضروری ہے۔

(12 یہ کہ کوئی بھی آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ممبر جب بھی کسی دوسرے ممبر کی سائیڈ/ ایل ای ڈی / سکرینز یا کسی بھی میڈیا کی بکنگ کرتا ہے تو جب تک اس کی کمپین کا دورانیہ ختم نہیں ہو جاتا اس کے لگے ہوئے ڈسپلے کلائنٹ کے پاس کام مانگنے نہیں جائیگے اور نہ ہی کلائنٹ کو یہ کہے گا کہ یہ میری سائیڈ ہے اپ مجھ سے ڈائریکٹ لیں اور نہ ہی کم قیمت آفر کرے گا۔ اور ثابت ہونے کی صورت میں تمام تفصیلات ایسوسی ایشن کے مین فورم گروپ پر دیکھا دی جائینگی۔

(13 یہ کہ جب بھی آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ممبران کسی بھی نئے یا پرانے کلائنٹ کو پروپوزل دیتے ہیں اور کسی بھی کمپین میں Participate کرتے ہیں تو کلائنٹ کی طرف سے جس بھی ایڈورٹائزر کو پہلے پرچیز آرڈر / کنفرمیشن / اپروول ملے گی باقی سب لوگ اس کو بخوشی اپنا میڈیا فروخت کرینگے اور اس کی کمپین کو ہرگز خراب نہ کریں گے بلکہ اس کی جو مدد ہو سکتی ہوگی وہ کریں گے مگر جس ممبر کو اپروول ملے گی وہ اس بات کا خیال رکھے گا کہ باقی ممبران کی سائیڈ سائن بورڈ وغیرہ کی قیمت کو کم اور خراب نہ کرتے ہوئے مناسب طریقے سے آگے کورٹ کرے گا اور اگر وہ ایسا نہیں کرتا اور فرق ثابت ہو جاتا ہے اس صورت میں ایڈورٹائزر بل بورڈ اونر اپنا میڈیا دینے سے انکار کر سکتا ہے. مگر فیصلہ ایسوسی ایشن کمیٹی کریگی۔

(14 یہ کہ کوئی بھی ممبر پرچیز آرڈر جاری کروائے بغیر نہ تو کسی ممبر سے نہ ہی او ایم اے سے اور نہ ہی کسی بھی کلائنٹ سے کام کرے گا اور پرچیز آرڈر پر مکمل شرائط درج ہونا بھی لازم ہے تاہم اگر کوئی بھی ممبر پرچیز آرڈر کے بغیر کام کریگا تو اس کی ذمہ داری ایسوسی ایشن کی نہیں ہوگی۔

(15 یہ کہ کسی بھی کلائنٹ کے ساتھ تنازعہ پیدا ہونے پر ضروری ہے کہ درخواست بنام سیکٹری جنرل آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن تحریری طور پر لیگل کوارڈینیٹر کو ارسال کی جائے گی۔ مگر کسی بھی وجہ سے آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ممبر نے اگر کلائنٹ کو کمپین کا وعدہ ایگریمنٹ کے مطابق نہ کیا ہو اور آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کو درخواست جمع کروادی اور بعدازاں یہ بات سامنے آئی کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ممبر ایڈورٹائزر کی رقم واجب الادا نہیں یا ٹھیک ثابت نہ ہوئی تو اس صورتحال میں آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن نہ تو کلائنٹ کو بلاک کرے گی نہ ہی اس رقم کو وصول کروانے کے لیے کوئی بھی کوشش کرے گی۔

(16) یہ کہ آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن صرف اور صرف رقم کی وصولی کے لیے کوششیں کرے گی جو اس کے رجسٹرڈ ممبر کی کمپنی کے نام سے کسی بھی پارٹنرز یا دیگر کمپنیوں کی ذمہ داری آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن پر عائد نہیں ہوگی۔

(17) یہ کہ یہ بات دیکھنے میں آئی ہے کہ جب کوئی بھی ایڈورٹائزر کسی بھی کلائنٹ کی کمپین کرتا ہے اور اس کے بعد تمام ایڈورٹائزر اس کلائنٹ کے پاس کام لینے کے لیے پہنچ جاتے ہیں اور کم قیمت آفر کرتے ہیں اس طرح سابقہ کام کرنے والے ایڈورٹائزر کی رقم ادا کرنے کی بجائے کلائنٹ نئے لوگوں کے ساتھ کام شروع کر دیتا ہے اس صورتحال میں پہلے سے کام کرنے والے ممبر کی رقم دلوائی جائے گی اور بعد میں نئی کمپین ڈسپلے ہوگی

## ﴾ آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن لاہور کے غیر رجسٹرڈ یا بلیک لسٹ یا معطل ممبران کے لیے قوانین ﴿

یہ کہ اگر کوئی بھی ایڈورٹائزر / کمپنی جو ایڈورٹائزنگ کا کاروبار کرتے ہوں مگر آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن میں رجسٹرڈ نہیں ان سب کو Non-Register Vendors تصور کیا جائے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ ایڈورٹائزر / کمپنیاں جن کو آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن نے کسی بھی وجہ سے عارضی یا مستقل طور پر معطل کیا ہوں وہ بھی Non Register Vendors ہی کہلائے گے۔ اور جن ایڈورٹائزر / کمپینیوں کو آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن نے بلیک لسٹ کیا ہو وہ بھی Non Register Vendors کٹگیری میں شامل ہونگے۔ مزید یہ کہ Non-Register Vendor کے ساتھ کاروبار کرنے کے اصول درج ذیل ہیں؛

(18) یہ کہ غیر رجسٹرڈ ایڈورٹائزر کے ساتھ کوئی بھی رجسٹرڈ ممبر آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ہرگز کاروبار نہیں کر سکتا اور نہ ہی اسے اپنا میڈیا / سائن بورڈز وغیرہ فروخت کر سکتا ہے۔ اور نہ ہی اس سے کسی بھی قسم کا میڈیا خرید سکتا ہے۔

(19) یہ کہ کوئی بھی (OMA/Agencies) آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے غیر رجسٹرڈ وینڈرز کے میڈیا پر کوئی بھی ایڈ نہ چلائے گی۔

(20) یہ کہ کوئی بھی آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کا رجسٹرڈ ممبر کسی بھی غیر رجسٹرڈ وینڈرز کو اپنا میڈیا فروخت کرتا ہے اور بعد از اں کسی بھی قسم کا رقم کا تنازعہ پیدا ہوتا ہے تو اس میں آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ہرگز مداخلت نہ کریگی اور رقم کی وصولی کی ساری ذمہ داری اس ممبر کی خود ہوگی۔

(21) یہ کہ اگر کوئی بھی آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ممبر کسی بھی غیر رجسٹرڈ ایڈورٹائزر سے اسکا میڈیا (سائن بورڈز / ایل ای ڈیز / سکریز وغیرہ) خریدتا ہے تو ڈسپلے کے مکمل ہونے اور Mis Commitment کی مکمل ذمہ داری اس ممبر پر ہوگی آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن اس میں مداخلت نہ کریگی۔

22) یہ کہ اگر غیر رجسٹرڈ ایڈورٹائزر آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے کسی بھی ممبر کی کسی بھی سائیٹ / سائن بورڈ کے بلڈنگ مالک کے پاس جاکر اس کا ایگریمنٹ خراب کرنے کی کوشش کرتا ہے تو آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن اپنے ممبر کے ساتھ کھڑی ہوگی۔ اور اس کی ہر طرح سے مدد کریگی۔

23) یہ کہ اگر غیر رجسٹرڈ ایڈورٹائزر گورنمنٹ کے کسی بھی محکمہ سے نیلامی کے ذریعے یا خصوصی این او سی کے ذریعے کوئی بھی میڈیا لگاتا ہے آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کا کوئی بھی ممبر ہرگز اس کا میڈیا سیل نہیں کریگا۔

24) یہ کہ جو کوئی بھی اس میڈیا پر ایڈ چلائے گا اس کو آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن فوری طور پر معطل کر کے اس میڈیا کو اتروائے گی اور اس کے ساتھ ساتھ چلنے والے کلائنٹ کو بھی آگاہ کریگی اور اس کلائنٹ کے تمام ڈسپلے سکن / ایڈز کو فوری طور پر رکوا دیا جائیگا۔

25) یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کا کوئی بھی ممبر غیر رجسٹرڈ وینڈرز کی بلڈنگ پر جاکر ایگریمنٹ کر سکتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کے کلائنٹ کو بھی ہر طرح سے Proposal دے سکتا ہے۔

26) یہ کہ غیر رجسٹرڈ ایڈورٹائزر آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے کسی بھی ممبر اور FOMA ایجنسز کے کسی بھی ممبر کی کمپین نہیں کر سکتا۔

27) یہ کہ اگر غیر رجسٹرڈ ایڈورٹائزر کوئی بھی سائن بورڈ بغیر این او سی کے لگواتا ہے تو آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن محکمہ سے درخواست کریگی کہ اس سائن بورڈ کو فوری طور پر ریموو کیا جائے اور اگر اس نے سٹے آرڈر لیا ہوا تو اسے بھی خارج کروائے گی۔ اور اس کے ساتھ ساتھ وہ ایڈورٹائزر غیر قانونی کٹیگری میں شمار ہوگا۔ اور اس پر کسی بھی ایڈورٹائزر کا ڈسپلے نہیں لگ سکے گا۔

28) یہ کہ FOMA ممبر ایجنسیز صرف اور صرف آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے رجسٹرڈ ممبران کا میڈیا ہی سیل کر سکتے ہیں اور اگر کوئی FOMA کسی بھی غیر رجسٹرڈ ایڈورٹائزر کا میڈیا سیل کریگی تو تمام آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن اس ایجنسز کا بائیکاٹ کریگی۔

## رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ ممبران کے لیے بولی کے اصول

29) کسی بھی سرکاری محکمہ میں سائن بورڈ وغیرہ کی کوئی نیلامی ہوتی ہے تو اس کے لیے سب سے ضروری بات یہ ہے کہ پہلے سے لگی ہوئی سائیڈ وغیرہ پر اُسی سابقہ ممبر کا حق ہوگا کہ وہ دوبارہ بولی لگا کر اس سائیٹ کو اٹھائے اور کوئی بھی رجسٹرڈ ممبر اس کی سائیٹ / سائن بورڈ وغیرہ پر بولی دے کر قیمت خراب نہیں کریگا۔ اور اگر کوئی بھی Non-Register ممبر یا اسکا کوئی نیا بندہ اس کو زیادہ بولی لگا کر اٹھاتا ہے تو پوری انڈسٹری بشمول

FOMA اسکا مکمل طور پر بائیکاٹ کریگی اور اس بندے کو ہرگز کسی بھی قسم کا اشتہار نہ دیا جائے گا۔ اور اگر اس Non-Register Person کے پیچھے کسی بھی رجسٹرڈ ممبر کی سازش نکلی تو اس کا باقی میڈیا بھی اوپن کر دیا جائے گا اور اس کی ممبر شپ بھی کینسل کر دی جائے گی۔ مزید یہاں ایک بات اور ضروری ہے کہ اس بات کا اطلاق لگی ہوئی سائیٹ کے Contract Period کے ختم ہونے کے بعد بھی جاری رہے گا۔ مثال کے طور پر اگر کسی کا تین (03) سال کا ایگریمنٹ تھا تو اس کا ایگریمنٹ ختم ہونے کے بعد بھی اسکی سائیٹ پر کوئی بھی بولی نہیں لگائے گا۔ جسکی بنیادی وجہ یہ ہے کہ سابقہ سالوں میں لگے ہوئے میڈیا پر اس کی محنت کی ہوئی ہے اور یہ اسکا ہی حق بنتا ہے کہ وہ آگے بھی چلائے گا۔ مگر سابقہ بل بورڈ وغیرہ کا مالک خود اپنی مرضی یا اپنے کاروباری معاشی حالات کی وجہ سے دوبارہ نہ لینا چاہے تو اس صورت میں ایسوسی ایشن کو NOC جاری کریگا اور سب ممبر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

(30 یہ کہ کوئی نئی سائیڈ/سائن بورڈ وغیرہ قانونی طور پر بولی میں آتی ہے۔ تو اس سائیٹ پر بولی دینے کا سب ممبران کو حق حاصل ہوگا سوائے Suspended/Blacklisted/Non-Register Person کے۔ اور اگر Non-Register Person بولی جیت جاتا ہے تو ایسوسی ایشن اس کا بائیکاٹ کر دے گی اور بعد ازاں اس کو کسی بھی صورت Register نہیں کیا جائیگا۔ تاہم اگر بولی میں حصے کا خواہش مند ہو تو اس پر لازم ہے کہ پہلے خود کو رجسٹرڈ کروائے پھر بولی میں حصہ لیں۔ بولی میں جیت جانے کے بعد درخواست برائے رجسٹریشن بنام آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن نہ دی جا سکتی ہے اور نہ ہی قبول ہوگی۔

(31 یہ کہ اس ساری صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے آؤٹ آف ہوم ایسوسی ایشن لاہور نے یہ فیصلہ کیا ہیں کہ وہ تمام اداروں بشمول ڈی ایچ اے، کنٹونمنٹ بورڈز، پی ایچ اے، ایل ڈی اے وغیرہ سے درخواست کریگی کہ ہمیشہ نیلامی کی کاروائی خفیہ کی جائے اور بولی کا لفافہ نیلامی کے دن ہی وصول کیا جائے اور زیادہ رقم کی بولی والے یا میرٹ والے بندے کو بولی کی سائیٹ موقع پر Award کی جائے۔ لہذا اس عمل سے تمام ایڈورٹائزر کے درمیان غیر یقینی صورت حال سے چھٹکارا ملے گا اور میڈیا کی قیمتیں بھی برقرار رہے گی۔ اور ادارہ کو بھی بار بار دشواری نہ ہوگی۔ ادارہ ایک ہی دن میں بولی کے لفافے وصول کرے اور اسی وقت سب کی موجودگی میں کھولنے کا پابند ہوگا۔

(32 یہ کہ اگر کوئی بھی محکمہ اوپن بولی کرنا چاہتا ہے تو پوری انڈسٹری اس محکمے کا بائیکاٹ کریگی کیونکہ اس عمل سے امیر اور زیادہ امیر اور چھوٹے کاروبار کو پروموشن نہیں مل سکتی اور نیلامی شفاف طریقے سے ہوگی اور پبلک پرکیورمنٹ رولز کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ اور اخبار اشتہارات بھی واضح طور پر شائع ہونا ضروری ہے۔ بصورت دیگر ایسوسی ایشن ممبران اس کو نہیں مانے گی اور نہ کہ اسکو سپورٹ کریگی۔ اس کے ساتھ ساتھ بولی کے درخواست فارم کا منصفانہ تقسیم بھی ہونا ضروری ہے۔

(33 یہ کہ اگر کوئی رجسٹرڈ ممبر اپنی مرضی سے کسی بھی مجبوری کے تحت نیلامی میں اٹھایا ہوا میڈیا یا چھوڑتا ہے چاہے وہ نیلامی شروع ہونے کے فوراً بعد چھوڑے یا بعد ازاں نہ چلا پانے کی وجہ سے چھوڑے تو اس صورت حال میں وہ میڈیا باقی سب کے لیے اوپن سمجھا جائے گا۔ اور سب ممبر اس پر

اپنی اپنی بولی دے سکتے ہیں اور اندر کھاتے کوئی بھی شراکت داری قبول نہ ہوگی۔ اور اگر کوئی شراکت داری کریگا تو ایسوسی ایشن خود اس کا لائحہ عمل تیار کریگی۔

(34 یہ کہ جو بھی ممبرز کسی بھی میڈیا کو بولی میں اٹھانے کے لیے گروپ بندی کرتا ہے تو ایسوسی ایشن اس ممبر کا بائیکاٹ کریگی۔ اور گروپ بندی نہ قابلِ قبول تصور ہوگی۔ تاہم اگر گروپ بندی کرنا ضروری ہوئی تو ایسوسی ایشن خود اس کا لائحہ عمل تیار کریگی۔

(35 یہ کہ اگر کوئی سائن بورڈ پبلک پراپرٹی پر لگے گا تو کوئی ممبر اس نیلامی میں حصہ نہیں لیگا۔ اور اگر کوئی ممبر ایسا کرتا ہے تو اس کو ایسوسی ایشن کی طرف سے بھاری جرمانہ کیا جائے گا۔ اور ایسوسی ایشن ممبرشپ سے بھی فارغ کر دیا جائے گا۔

(36 یہ کہ نیلامی میں جو کوئی بھی میڈیا اٹھالیتا ہے تو باقی ممبران خوش دلی سے اس کو خوش آمدید کرتے ہوئے کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ نہ ڈالیں گے۔ اور اس کی سیل میں کسی بھی قسم کی دشواری کا باعث نہ بنے گے۔

## ﴿سرکاری یا پرائیوٹ زمین سے متعلق معلومات / قواعد﴾

سرکاری زمین اس جگہ کو تصور کیا جائے گا جو کہ Honorable Supreme Court of Pakistan نے اپنے فیصلے Judgement no. 27 of 2018 بیان کی ہے۔ اور اس فیصلہ کی رو سے وہ تمام جگہ سرکاری زمین ہیں جن کو اس فیصلہ کی تشریح کرتے ہوئے بیان کیا گیا ہے اور پرائیوٹ زمین وہ تمام جگہوں کو کہا جائیگا جو کسی بھی شخص کی نجی / ذاتی ملکیت ہوں۔ چونکہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے پورے ملک میں تمام پبلک لینڈز پر سائن بورڈز کو لگانے پر روک لگا رکھی ہے لہذا آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ہرگز اپنے ممبرز کو اجازت نہیں دیتی کہ وہ کسی بھی پبلک لینڈ پر سائن بورڈ لگائے۔ جو کوئی بھی ممبر ایسا کریگا آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن اس ممبر کو پہلے وارننگ جاری کریگی اور اس کے بعد بھی اگر وہ ممبر بعض نہیں آتا تو سب ممبران اس کے متعلقہ میڈیا کا بائیکاٹ کرتے ہوئے اس پر کسی بھی قسم کی تشہیر نہیں کرینگے اور اس کے ساتھ ساتھ فوری طور پر اس ممبر کو آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ممبرشپ سے مستقل بنیاد پر فارغ کر دیا جائیگا۔

(37 یہ کہ کوئی بھی سرکاری ادارہ خواہ وہ PHA,LDA, وغیرہ، نیز کسی بھی قسم کی سرکاری بلڈنگ / سرکاری ادارہ پبلک لینڈ تصور کیا جائے گا۔ مگر اس میں آرمی +A لینڈ یا Cooperative Societies وغیرہ شامل نہیں ہیں۔ کیونکہ ان کے قوانین کی رو سے یہ پبلک لینڈ میں شمار نہیں ہوتے اور ان کے اپنے بائے لاز ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ٹرانسپوٹ بسس سرکاری ہوتی ہے مگر سپریم کورٹ آف پاکستان نے اپنے فیصلے میں صرف Immovable Property کا ہی صرف حوالہ دیا ہے لہذا Movable Property بھی پبلک لینڈ کی فہرست سے باہر ہیں اور ان پر بھی تشہیر کی جاسکتی ہیں۔ مگر سرکاری ٹرانسپوٹ کمپنیوں کی بلڈنگز پر سائن بورڈز وغیرہ لگانا پبلک لینڈ کی فہرست میں آتا ہے۔

38) یہ کہ پرائیوٹ پراپرٹی پر جو بھی سائن بورڈز وغیرہ لگانا مقصود ہوا سے محکمہ کی حدود کے حساب سے اسی محکمہ کے اصولوں کے مطابق قانونی NOC لینے کے بعد ہی لگایا جاسکتا ہے اور محکمہ نے جن جگہوں کو بلیک لسٹ کیا ہوں وہاں کوئی بھی ممبر سائن بورڈز نہیں لگا سکتا۔

39) یہ کہ سائن بورڈز صرف بلڈنگ کے Facade پر ہی لگایا جاسکتا ہے چھت پر آئندہ سائن بورڈز نہیں لگائے جائیںگے ۔اور اگر کوئی ممبر لگائے گا تو آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن اس کا بائیکاٹ کریگی اور FOMA سے بھی درخواست کریگی کہ کوئی ممبر اس کو سیل نہ کرے اور محکمہ سے مطالبہ کرتے ہوئے اس کو اتروائے گی۔اور ایسوسی ایشن کا کوئی بھی ممبر اس بات پر ناراض ہونے کا حقدار نہ ہوگا۔

40) یہ کہ غلط طریقے سے لگائے گئے سائن بورڈز وغیرہ کو اتارنے کی ذمہ داری محکموں کی ہے مگر آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن چونکہ تمام انڈسٹری کو محفوظ بنانا چاہتی ہے اور یہ ہرگز نہیں چاہتی کہ چند سائن بورڈز کی وجہ سے باقی سب ممبران کے سائن بورڈز بذریعہ محکمہ اتارے جائیں اور اس کو درست کروانے کے لیے ہر قسم کی کوشش کریگی۔

41) یہ کہ اگر کوئی بھی ممبر کسی بھی طرح سے غیر قانونی طریقے سے سائن بورڈ لگائے گا بے شک محکمہ اسے کلئیر ہی کیوں نہ کردے مگر آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ایسے ممبر کو ہرگز کلئیر نہیں کریگی اور اسکی ممبر شپ معطل کی جائیگی۔

42) یہ کہ محترم سپریم کورٹ آف پاکستان نے Indoor branding کے حوالے سے بھی کوئی پالیسی واضح نہیں کی گئی لہذا سرکاری محکمہ کے اندر والی سائیڈ جیسا کہ Airport Branding/Orange Line/Metro Bus Indoor Branding،
Pakistan Railway Platform Branding وغیرہ فلحال کی جاسکتی ہیں اور یہ پبلک پراپرٹی کی فہرست میں نہیں آتی۔

43) یہ کہ کوئی آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ممبر محکمہ کو ساتھ ملا کر اگر کسی بھی پبلک پراپرٹی کو Maintain/Beautification کو بنیاد بنا کر اگر کوئی میڈیا لگانے کی کوشش کریگا تو آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن اس کو لگنے نہیں دے گی اور نہ ہی چلنے دیگی اور ساتھ میں ممبر شپ بھی کینسل کردی جائیگی۔

## ﴾ آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے واٹس ایپ گروپ میں پارٹیسپیشن کا طریقہ کار اور گروپ کو استعمال کرنے کے قوانین ﴿

44) یہ کہ آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کا واٹس ایپ گروپ ایک انفارمیشن، شکایات، مشاورت اور انڈسٹری ٹریڈ کے مسائل کو حل کرنے کے لیے بنایا گیا ہے لہذا اس گروپ کو تمام ممبر اپنے باہمی مسائل کی مشاورت اور ٹریڈ کو درپیش مشکلات سے بچانے کے لیے استعمال کریں گے۔

(45) یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے واٹس ایپ گروپ میں کسی بھی قسم کی بدتمیزی بد اخلاقی یا Elected Body کے کسی بھی ممبر سے بحث کرنا ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا بصورت دیگر ایسا کرنے والے ممبر کو آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن اسی وقت اس گروپ سے Exit کرنے کا پورا اختیار رکھتی ہے۔

(46) یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے واٹس ایپ گروم پر کوئی بھی ممبر اپنا سائن بورڈز ایل ای ڈی کا پروپوزل شیئر نہیں کرسکتا اور نہ ہی اپنے کسی نئی لگائی گئی سائیڈ کی تصویر لگا سکتا ہے چونکہ تمام ممبران کے موبائل نمبرز اس گروپ پر موجود ہیں اگر کوئی اپنے میڈیا کی تشہیر کرنا چاہتا ہے تو الگ سے ممبران کو میڈیا بھجوا سکتا ہے۔

(47) یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن گروپ پر کوئی معلومات جس کا اس ٹریڈ یا کاروبار سے کوئی تعلق نہ ہو تو ایسے مواد کو بھی اسی کے اوپر شیئر کرنا سختی سے منع ہے (جیسا کہ ملکی حالات کی خبریں یا کسی بھی قسم کی دینی گفتگو، بحث شعروشاعری وغیرہ)۔

(48) یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن گروپ پر کوئی بھی شکایت بنام کسی بھی دوسرے ممبر نہیں کی جاسکتی، شکایت کا طریقہ کار یہ ہے کہ سب سے پہلے درخواست بنام سیکرٹری جنرل آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے لیگل کوارڈینیٹر کو بذریعہ ڈاک، واٹس ایپ بھجوائی جا سکتی ہے اس کے بعد آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے الیکٹڈ باڈی گروپ پر اس شکایت کے ازالہ کی کاروائی شروع کی جائے گی اس طرح اگر کسی محکمہ کے خلاف بھی کوئی شکایت ہو تو بھی یہی طریقہ کار رہے گا مگر ایمرجنسی کی صورت میں واٹس ایپ گروپ کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

(49) یہ کہ واٹس ایپ گروپ پر کوئی بھی ممبر اپنی Expert Advice بلا ضرورت ہرگز نہ دے گا نہ ہی الیکٹڈ باڈی ممبر کو Dectate کرے گا.

(50) یہ کہ اس گروپ پر غیر متعلقہ باتیں کرنا ہرگز منع ہے اگر ڈی ایچ اے، سے متعلقہ کوئی معاملہ زیر بحث آتا ہے تو جس بھی ممبر کا اس معاملے سے تعلق نہ ہو وہ بلا وجہ اس میں اپنی رائے دینے کا حقدار نہ ہوگا۔ اسی طرح دیگر امور پر اپنے سے متعلقہ معاملے پر ہی صرف بات کی جاسکتی ہے غیر ضروری بات کرنے والے ممبر کے پیغامات گروپ سے ڈیلیٹ کردیے جائیں گے اور غلط طریقے یا رویے سے بات کرنے پر اس ممبر کا نمبر بھی گروپ سے نکال دیا جائے گا۔

(51) یہ کہ ڈیجیٹل میڈیا کے مالکان کے لیے آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن نے ایک الگ سے گروپ بھی بنایا ہوا ہے جو ڈیجیٹل میڈیا سے متعلق معلومات وہاں پر بھی ڈسکس کیے جاسکتے ہیں اور میڈیا کی قیمتوں کا تعین بھی آپسی مشاورت سے عمل میں لیا جاسکتا ہے۔

(52) یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے کام سے متعلقہ تمام انفارمیشن دینا انفارمیشن سیکرٹری کا کام ہے اور وہ منتخب شدہ کابینہ کا حصہ

ہے جو بھی بات انفارمیشن سیکرٹری کرتا ہے وہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کی Representation ہوتی ہے لہذا تمام ممبران پورے احترام سے انفارمیشن سیکرٹری سے گروپ پر بات کرینگے ناز یبالہجا کسی صورت قابل قبول نہ ہوگا۔

(53 یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے گروپ پر تمام ممبران کوئی بھی معلومات، شکایت نیز کوئی بھی بات صرف اور صرف انفارمیشن سیکرٹری کو مخاطب کر کے کریں گے صدر اور جنرل سیکٹری یا کسی بھی منتخب ارکان کو مخاطب کر کے سوال کرنا ہرگز Allow نہ ہوگا۔

(54 یہ کہ کسی بھی مسئلہ آنے کی صورت میں انفارمیشن سیکٹری تمام معلومات آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ممبران کو بتانے کا پابند ہوگا جبکہ کسی بھی شکایت کی تحریری درخواست بنام سیکٹری جنرل کی جا سکے گی مگر اس کے علاوہ کوئی بھی ممبران صدر جنرل سیکرٹری اور بقیہ Elected body ممبران کو مخاطب کر کے کوئی بات نہ کی جائے گی۔

(55 یہ کہ کسی بھی مسئلہ پر بات چیت کے دوران آپس میں تقرار سے گریز کیا جائے گا۔صرف انفارمیشن سیکرٹری سے مسئلہ کے اوپر رائے لی جا سکتی ہے تا کہ باہمی تعلقات خراب نہ ہو۔

## ﴿آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن، لاہور کی ممبر شپ لینے اور سالانہ ممبر شپ کی ادائیگی کا طریقہ کار﴾

(56 یہ کہ کوئی بھی شخص یا کمپنی جو کہ سائن بورڈز ایل ای ڈی/ سکینر وغیرہ کا کاروبار لاہور شہر کی حدود میں کر رہی ہو وہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن، لاہور کی ممبر بن سکتے ہیں۔

(57 یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے ممبر شپ حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ایڈورٹائزنگ کا کاروبار کرنے والی کمپنیاں درخواست بنام سیکٹری جنرل آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن بمعہ اپنی کمپنی پروفائل اور پرانے کاروباری ریکارڈ، دستاویزات کے طور پر جمع کروائے گا اور یہ درخواست Elected Body کی ایجنڈا میٹنگ میں برائے بحث لائی جائے گی اگر کمیٹی مناسب سمجھے گی تو اس کمپنی کو رجسٹر کیا جائے گا مگر کوئی بھی مارکیٹ کی بلیک لسٹڈ کمپنی یا جس کا سابقہ ریکارڈ برائے رقم ادائیگی درست نہ ہو یا جو فرضی ایڈورٹائزنگ ہو اس کو ہرگز رجسٹر نہ کیا جائے گا۔

(58 یہ کہ کسی بھی کمپنی کو رجسٹرڈ کرنے کا مکمل اختیار صرف اور صرف الیکٹڈ باڈی کے پاس ہے اور ہر منتخب ممبران کی ثواب دید ہے کہ وہ کسی کو بھی ممبر کو وجہ بتائے بغیر رجسٹرڈ نہ کرے۔

(59 یہ کہ ایسے اغیر رجسٹرڈ ایڈورٹائزر جو کہ آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے پہلے سے ممبر کی کسی بھی بلڈنگ , محکمہ کی جگہ بذریعہ نیلامی کوئی بھی میڈیا خریدے اور بعدازاں آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کو درخواست برائے رجسٹریشن دیں دے تو ایسی کمپنی یا شخص کو کسی صورت رجسٹر نہ کیا جائے صرف اور صرف شفاف طریقے سے کاروبار کرنے والے افراد کو رجسٹریشن کراتے وقت ترجیح دی جائے گی۔

(60 یہ کہ ایسے افراد جو کہ کسی اور شعبے میں کاروبار کرتے ہوں اوراچانک سے ایڈورٹائزنگ کا کاروبار شروع کردے اور جس کی وجہ سے ایڈورٹائزنگ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے یا جس کی وجہ سے میڈیا کی قیمتوں میں اضافہ ہو ایسی کمپنی و شخص کو آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ہرگز رجسٹر نہیں کرے گی۔

(61 یہ کہ FOMA ممبرز کی اپنی ایسوسی ایشن ہے لہذا کوئی بھی FOMA کا ممبر آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کا ممبر نہیں بن سکتا کیونکہ یہ مفادات کا تصادم ہے۔

(62 یہ کہ جو بھی شخص اپنا بل بورڈ/ سائن بورڈ/ ایل ای ڈی / سکینر وغیرہ کا کاروبار کرتا ہے وہ آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کا ممبر بن سکتا ہے۔

(63 یہ کہ الیکٹڈ باڈی کی اپروول کے بعد آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن فیس بذریعہ ان لائن ٹرانسفر چیک وغیرہ اپنی اپنی سائن بورڈز کی تعداد کے حساب سے کیٹگری کے مطابق جمع کروانا ہوگی اس کے بعد آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن ممبر شپ سرٹیفکیٹ جاری کرے گی۔

(64 یہ کہ آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن نے سائن بورڈ/ میڈیا کے حساب سے رجسٹریشن فیس کو تین طرح کی کیٹگریز میں تقسیم کیا ہوا ہے جو کہ درج ذیل ہیں.

(a)-Category Annual Fees Rs. 500,000

(b)-/Category Annual Fees Rs. 200,000

(c)- /Category Annual Fees Rs. 100,000

(65 یہ کہ منتخب ہونے اور ممبر بننے کے بعد ہر سال رجسٹریشن توسیع فیس آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کو جمع کروانی ہوگی ایڈورٹائزر اور ممبران کی سہولت کے لیے دو اقساط میں بھی فیس جمع کروائی جا سکتی ہے۔

(66) یہ کے مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد رجسٹریشن فوری طور پر ختم کردی جائے گی اور ممبر کا نمبر بھی آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن گروپ سے نکال دیا جائے گا

(67) یہ کہ دوبارہ رجسٹریشن اور ممبر شپ کی بحالی کے لیے درخواست بنام جنرل سیکرٹری آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے نام دی جاسکتی ہے اور دوبارہ الیکٹڈ باڈی سے اپروول کے بعد رقم مبلغ -/Rs. 200,000 بطور جرمانہ ادا کرنا ہوگا اس کے بعد ممبر شپ بحال کی جائے گی اور جب تک ممبر شپ بحال نہیں ہوتی تمام آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کی ممبر شپ Suspend تصور ہوگی۔

**﴿آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے خلاف کام کرنے او اسے توڑنے یا نیا گروپ بنانے سے متعلق کاروائی﴾**

(68) یہ کہ آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کا کوئی بھی ممبر رولز اور بنیادی اصولوں کے خلاف کام کرتا ہو پایا گیا یا آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے اندر کوئی بھی گروپ بندی کی یا کسی ممبر کو آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے خلاف اکساتے ہوئے کسی بھی قسم کی غیر نصابی سرگرمی میں ملوث پایا گیا تو آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن اس ممبر کی ممبر شپ فوری طور پر معطل کردے گی اور ممبر شپ دوبارہ بحال نہ کی جائے گی۔

**﴿آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے قیام سے قبل کی شکایات کو دیکھنے کا طریقہ کار﴾**

(69) یہ کہ آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے قیام سے قبل ایڈورٹائزر کے آپس کے معاملات اور لین دین کی شکایات آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن Entertain نہیں کریں گی۔

**﴿الیکٹڈ بوڈی ممبران کی رد و بدل کا طریقہ کار اور اختیار﴾**

(70) چونکہ الیکٹڈ باڈی جنرل ممبران کے Votes سے وجود میں آتی ہے، لہذا اگر منتخب ممبران میں سے کسی بھی تبدیل کرنا ہو تو بذریعہ ووٹنگ منتخب ممران ہی کرسکتے ہیں اور Majority فیصلہ قابل قبول ہوگا مگر صدر کو ویٹو پاور حاصل ہوگی کہ وہ اکیلا کسی بھی وقت کسی ممبر باوجہ Misconduct، کام نہ کرنے یا Elected Body کا ساتھ نہ دینے کی وجہ سے اکیلا بھی نکال سکتا ہے۔

(71) یہ کہ سیکٹری جنرل کے خلاف درخواست صدر کو دی جاسکتی ہے جبکہ بقایا آوٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے کسی بھی ممبران بشمول الیکٹڈ باڈی ممبران کے خلاف درخواست صرف اور صرف سیکرٹری جنرل کو دی جاسکتی ہے۔

(72) یہ کہ صدر کی غیر موجودگی میں نائب صدر اس کی ریپلیسمنٹ ہوگی اور بطور صدر کام کرے گا۔

## ﴿آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن سے لیگل رائے لینے کا طریقہ کار﴾

(73) یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن سے لیگل رائے لینے کے لیے Legal Coordinator سے رابطہ کیا جاسکتا ہے اور انفارمیشن سیکرٹری جنرل سے بھی پوچھا جاسکتا ہے۔

## ﴿آئندہ الیکشن سے متعلقہ رولز﴾

(74) یہ کہ آئندہ الیکشن سے متعلقہ رولز الگ سے شائع کیے جاچکے ہیں اور ان رولز کے مطابق تمام امیدواران الیکشن بذریعہ Individual Seat پر لڑے گے اور گروپ الیکشن نہ ہوگا تاکہ ہر کسی کو پورا موقع مل سکے۔

## ﴿جنرل باڈی میٹنگ﴾

(75) یہ کہ آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن جنرل مٹینگ ہر تین ماہ بعد بلانے کی پابند ہوگی اور تمام ممبران کے لیے یہ میٹنگ میں آنا لازمی ہوگا تاکہ مسائل کو حل کیا جاسکے

## ﴿غیر پیشہ ورانہ اور طریقوں سے تحفظ کے لیے سابقہ کمپنی سے وابسطہ ملازمین﴾

(76) یہ کہ مورخہ 04-07-2024 کے بائے لاز کی روح سے استعفے یا برطرفی سے دست بردار ہونے والے ملازمین کم از کم دو (02) سال تک اس صعنت میں اور تین (03) سال تک سابقہ کمپنی کے کلائنٹس کے ساتھ کام نہیں کرینگے۔اور سابقہ کمپنی سے این او سی لینے کے بعد کام کرسکتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| دستخط:--------- | دستخط:--------- | دستخط:--------- |
| شیخ فہد | جمشید اقبال | میاں محمد رفیق |
| (صدر) | (نائب صدر) | (جنرل سیکرٹری) |
| دستخط:--------- | دستخط:--------- | دستخط:--------- |
| کامران بھٹی | شعیب غنی | محترمہ ثمین عامر |
| (فنانس سیکرٹری) | (انفارمیشن سیکرٹری) | (ایگزیکٹو ممبر) |
| دستخط:--------- | دستخط:--------- | دستخط:--------- |
| عابد علی | مشعود عامر | چوہدری رحمت علی |
| (ایگزیکٹو ممبر) | (ایگزیکٹو ممبر) | (لیگل کوآرڈینٹر) |